پریمیئر کا بیان

رمضان کا آغاز: پریمیئر اسمتھ(Premier Smith)

22 مارچ، 2023ء

پریمیئر ڈینیئل اسمتھ (Premier Danielle Smith) نے رمضان کے آغاز پر یہ بیان جاری کیا:

"مَیں البرٹا اور دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے صحت مند، مسرُور اور پرامن رمضان کی خواہش کرنا چاہتی ہوں۔

"رمضان اسلامی کیلنڈر کا نواں مہینہ ہے اور مسلمان اسے عبادت، غور و فکر اور تجدید کے وقت کے طور پر مناتے ہیں۔ آنے والے ہفتوں کے دوران، مسلمان طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک روزہ رکھیں گے اور پھر خاندان، دوستوں اور وسیع تر کمیونٹی کے ساتھ شام کے کھانے سے لطف اندوز ہونے کیلئے جمع ہوں گے، جِسے افطار کہا جاتا ہے۔

"رمضان دوسروں کے ساتھ رحمدلی، ہمدردی اور خیر سگالی کی اہمیت پر بھی زور دیتا ہے۔ یہ خیراتی اور رضا کارانہ کاموں کے ذریعے ان لوگوں کی مدد کرنے کا وقت ہے جو کم خوش نصیب ہیں۔

"ہم اس مقدس مہینے کو منانے والے تمام لوگوں کو اپنی نیک تمنائیں پیش کرتے ہیں۔ رمضان مبارک!"

میڈیا انکوائریز

ربیکا پولیک (Rebecca Polak)
rebecca.polak@gov.ab.ca
ڈائریکٹر آف ڈیلی کمیونیکیشنز
اینڈ پریس سیکریٹری
آفس آف دی پریمیئر

Classification: Public